# کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

## سٹیل سٹرکچر برائے ورکشاپ (بغیر پریمیم صرف حقوق کرایہ داری کی بنیاد پر) کا شاندار نیلام عام

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی چھاؤنی کی حدود میں واقع ریلوے روڈ پر 01 عدد پلاٹ پر سٹیل سٹرکچر تعمیر شدہ برائے ورکشاپ (بغیر پریمیم صرف حقوق کرایہ داری کی بنیاد پر) نیلام کرنا چاہتا ہے جو کہ ڈیپارٹمنٹ کی پالیسی "REVISED GUIDELINES FOR CANTT FUND PROPERTIES" کے مطابق ہوگی۔ خواہشمند حضرات و پارٹیاں بولی میں حصہ لے کر فائدہ اٹھاسکتیں ہیں۔ حقوق کرایہ داری برائے عرصہ 5 سال کا نیلام عام مورخہ 14/05/2025 دن 11 بجے منعقد کررہا ہے۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی کا عمل اس دن پورا نہ ہو سکا تو دوبارہ نیلامی مورخہ 15/05/2025 کو سہ بارہ مورخہ 16/05/2025 کو اسی وقت اور مقام پر ہوگی۔

تفصیل درج ذیل ہے۔

ورکشاپ کا سائز تقریباً - 1722.06 (Sft)

### شرائط نیلامی۔

1- ورکشاپ کے حقوق کرایہ داری (بغیر پریمیم صرف حقوق کرایہ داری کی بنیاد پر) عرصہ 5 سال کے لیے ہوں گے۔ جس میں ہر سال بعد 10% کمپاؤنڈ اضافہ ہوگا۔ اگر موجودہ کرایہ دار حقوق کرایہ داری میں تجدید مندی کا خواہش مند ہو تو بورڈ کی منظوری سے اگلے 5 سال کے لیے پہلے سال 25% اور مزید 10% سالانہ اضافہ ہوگا۔

2- ورکشاپ کی Reserve Price ماہانہ کرایہ مبلغ -/50,000 روپے سے بولی شروع ہوگی۔

3- نیلامی میں حصہ لینے والے حضرات کو بولی سے قبل اپنے قابل عمل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ہمراہ کال ڈیپازٹ / بنک ڈرافٹ مبلغ (-/5,00,000) پانچ لاکھ روپے بنام ایگزیکٹو آفیسر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کینٹ بطور زر ضمانت جمع کروانی ہوگی۔ بولی کے اختتام پر ماسوائے اول اور دوئم آنے والے بولی دہندگان کے باقی تمام بولی دہندگان کو ان کی کال ڈیپازٹس واپس کر دی جائیں گی۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر بولی کا 1/4 موقعہ پر ادا کرنا ہوگا۔

4- بولی کی مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کی 07 دن کے اندر اندر کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے حساب سے ایک سال کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرانا ہوگا جبکہ 03 ماہ کا کرایہ ایڈوانس جمع کرانا ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق کینٹ بورڈ راولپنڈی ضبط کر لی جائے گی اور جگہ کی منتقلی بھی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔

5- ورکشاپ کے حقوق کرایہ داری ماہانہ کے حساب سے ہوگا جو ہر ماہ کی 05 تاریخ تک ایڈوانس جمع کرانا ہوگا۔ دس تاریخ سے لیٹ ہونے کی صورت میں مبلغ 1000 روپے روزانہ کی بنیاد پر جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

6- کامیاب بولی دہندہ کی جمع شدہ سیکیورٹی جو کہ معاہدہ کی کامیاب تکمیل کے بعد ورکشاپ کے ذمہ یوٹیلیٹی بلز اور ورکشاپ کے توڑ پھوڑ کے واجبات اگر ہوں تو منہا

کر کے بقیہ رقم واپس کر دی جائے گی۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کو فائنل منظوری کے لیٹر کی وصولی کے 15 دن کے اندر اندر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ اپنے حرجہ وخرچہ پر تحریری معاہدہ بابت کرایہ داری کرنا ہوگا جو کہ کامیاب بولی دہندہ سب رجسٹرار سے خود رجسٹرڈ کروائے گا۔ بصورت دیگر ورکشاپ کا قبضہ نہ دیا جائے گا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ مذکورہ سٹیل سٹرکچر کو صرف ورکشاپ کے لئے ہی استعمال کرے گا۔ مذکورہ بالا مقصد کے علاوہ استعمال ہونے کی صورت میں بورڈ کرایہ داری منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

9۔ مذکورہ بالا ورکشاپ کی کرایہ داری کے حقوق آگے منتقل نہیں کر سکے گا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ/کرایہ دار ورکشاپ میں کسی قسم کی تعمیری/تبدیلی کینٹ بورڈ سے تحریری اجازت لیے بغیر نہ کرنے کا پابند ہوگا۔

11۔ کرایہ دار ورکشاپ کی صفائی ستھرائی رکھنے اور کینٹ بورڈ کے گاہے بگاہے احکامات کا پابند ہوگا۔

12۔ کرایہ دار ورکشاپ کو subletting/sub-division کی اجازت نہیں ہوگی۔

13۔ کرایہ دار ورکشاپ کی مرمت وغیرہ اپنے حرجہ وخرچہ پر بورڈ سے منظوری لینے کے بعد خود کروائے گا کینٹ بورڈ مرمت کے اخراجات کی ادائیگی کا ذمہ دار نہ ہو گا.

14۔ کامیاب بولی دہندہ بجلی، ٹیلیفون، گیس کی سپلائی کے لیے کینٹ بورڈ سے باقاعدہ NOC حاصل کرے گا۔ جبکہ اس کے تمام اخراجات وہ اپنی جیب سے ادا کرے گا۔

15۔ معاہدہ کرایہ داری کی کامیاب تکمیل کے بعد کرایہ دار ورکشاپ کا قبضہ کینٹ بورڈ کے حوالے کرے گا بصورت دیگر کینٹ بورڈ اس کے خرچہ وحرجہ پر قبضہ لینے اور جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے کا مجاز ہوگا

16۔ اشتہار بمعہ شرائط نیلامی PPRA کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔ زیر دستخطی کنٹونمنٹ بورڈ PPRARules کے تحت کوئی ایک بولی یا تمام بولیاں مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، راولپنڈی کینٹ